21-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 بھارت اور Guyana نے صحت، ہائیڈروکاربن، زراعت اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے 10 سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔

2 وزیر اعظم نریندر موودی نے کہا ہے کہ بھارت Caricom رکن ملکوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ایک قابل اعتماد شراکت دار کی طرح اُن کے ساتھ آگے بڑھا ہے۔

3 Dominica نے وزیراعظم نریندمودی کو اپنے اعلیٰ ترین قومی اعزاز سے نوازا ہے۔

4 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں Utkal Keshari، ڈاکٹر Harekrushna Mahtab کی 125ویں سالگرہ تقریب کا افتتاح کریں گی۔

5 قومی سرکاری نشریاتی ادارے پرسار بھارتی نے اپنے OTT پلیٹ فارم کا آغاز کیا ہے۔

6 سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE نے اعلان کیا ہے کہ دسویں اور بارہویں کلاس کیلئے بورڈ امتحانات 15 فروری 2025 سے شروع ہوں گے۔

7 اور ہاکی میں بہار کے راجگیر میں بھارت نے چین کو ایک گول سے ہراکر خواتین کی ایشین چمپئن ٹرافی جیت لی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-GUYANA VISIT

بھارت اور Guyana نے صحت، ہائیڈروکاربنس، زراعت اور متعلقہ شعبوں سمیت بہت سے سیکڑوں میں تعاون بڑھانے کیلئے 10 سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان طبی مصنوعات، جن اوشدھی اسکیم، ثقافتی تبادلے کے پروگرام، Guyana میں UPI جیسے نظام کی تعیناتی کے شعبے میں تعاون کرنے اور پرسار بھارتی اور نیشنل کمیونیشن نیٹ ورک Guyanaکے درمیان نشریات کے شعبے میں تعاون اور اشتراک بڑھانے پر کئی مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔ اِس کے علاوہ Guyana کے نیشنل ڈیفنس انسٹی ٹیوٹ اور گجرات کے راشٹریہ رکشا کے درمیان مفاہمت نامے پر بھی دستخط کئے گئے۔

PM Modi

دونوں ملکوں کے درمیان ان سمجھوتوں پر دستخط وزیراعظم نریندر مودی اور Guyanaکے صدر محمد عرفان علی کے درمیان کَل شام Georgetown میں بات چیت کے بعد کئے گئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی تین روزہ دورے پر کَل Guyana پہنچے تھے۔

ایک مشترکہ بیان میں وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور Guyanaنے اس بات سے اتفاق کیا ہے کہ تمام مسائل کو حل کرنے کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کا استعمال کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک اِس بات پر متفق ہیں کہ عالمی اداروں کی اصلاح وقت کی ضرورت ہے۔

اِس سے پہلے جناب مودی کو Georgetown میں اسٹیٹ ہاؤس میں باضابطہ طور پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

Anupam

وزیراعظم نریندر مودی آج Guyana کی قومی اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ وہ مہاتما گاندھی کے مجسمے اور آریہ سماج کی یادگار پر خراج عقیدت پیش کریں گے۔ جناب مودی Saraswati Vidya Niketan School بھی جائیں گے۔ وہ Guyana اور Caribbean خطے کی ممتاز شخصیتوں اور کرکٹ کھلاڑیوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وزیراعظم بھارت سے آنے والی یادگار کا دورہ کریں گے اور غیرمقیم بھارتیوں سے بات چیت کریں گے۔ Guyana میں غیرمقیم بھارتی 186 برس پہلے 1838 میں یہاں آئے تھے۔ آج آبادی کے تقریباً 40 فیصد بھارتی نژاد ہیں، جو بھارت اور Guyana کے درمیان ایک کلیدی رابطے کا کام کرتے ہیں۔

نئی دلی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں------

PM- CARICOM

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، CARICOM رکن ملکوں کے ساتھ کھڑا ہے، چاہے کووڈ ہو یا قدرتی آفات، صلاحیت سازی ہو یا ترقی کے مسائل، بھارت ایک قابل اعتماد پارٹنر کی طرح اُن کے ساتھ آگے بڑھا ہے۔ کَل رات Guyana کے جارج ٹاؤن میں منعقدہ دوسری بھارت-CARICOM سمِٹ میں اپنے افتتاحی کلمات میں جناب مودی نے کہا کہ یہ سربراہ کانفرنس پانچ سال بعد منعقد ہو رہی ہے۔ اِن پانچ سالوں میں دنیا نے کئی تبدیلیوں کا مشاہدہ کیا ہے اور بنی نوع انسان کو کچھ بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِن تبدیلیوں اور مشکلات نے عالمی خطہ جنوب کے ملکوں کو شدید طور پر متاثر کیا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے ہمیشہ CARICOM رکن ملکوں کے ساتھ اِن چیلنجوں کا سامنا کرنے کی کوشش کی ہے۔

بھارت - CARICOM ساجھیداری کو مزید مستحکم کرنے کے لیے جناب مودی نے سات ستونوں C.A.R.I.C.O.M. کی تجویز پیش کی، جس کا مطلب ہے، صلاحیت سازی، زراعت اور خوراک کی یقینی فراہمی، قابل تجدید توانائی اور آب و ہوا کی تبدیلی، جدت طرازی، ٹیکنالوجی اور تجارت، کرکٹ اور ثقافت، بحری معیشت اور بحری سلامتی، ادویات اور حفظانِ صحت۔

جناب مودی نے کیریبیائی خطے میں آئے سمندری طوفان Beryl کے دوران ہونے والے نقصانات پر بھارت کے عوام کی جانب سے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔

وزیراعظم نے CARICOM کے موجودہ صدر Greneda کے وزیراعظم Dickon Mitchell کے ساتھ دوسری بھارت - CARICOM سمِٹ کی مشترکہ طور پر صدارت کی۔

جناب مودی نے سربراہ کانفرنس کی میزبانی کے لیے Guyana کے صدر ڈاکٹر عرفان علی کا شکریہ ادا کیا۔ اِس سربراہ کانفرنس میں رکن ممالک کے سربراہانِ حکومت اور وزراءِ خارجہ نے شرکت کی۔

PM- DOMINICA

کامن ویلتھ آف ڈومینکا نے وزیراعظم نریندر مودی کو اپنے اعلیٰ ترین قومی اعزاز ”دی ڈومینکا ایوارڈ آف آنر“ سے نوازا ہے۔ ڈومینکا کے صدر Sylvanie Burton نے کووڈ19- عالمی وبا کے دوران ڈومینکا کیلئے وزیراعظم مودی کی خدمات اور دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری کو مستحکم کرنے کیلئے اُن کی لگن اور جذبے کو تسلیم کئے جانے پر اِس اعزاز سے نوازا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کل رات Guyana میں بھارت اور CARICOM کے درمیان دوسری سربراہ کانفرنس کے موقعے پر ڈومینکا کے اپنے ہم منصب Roosevelt Skerrit سے ملاقات کی۔ جناب مودی نے ڈومینکا کے اعلیٰ اعزاز عطا کئے جانے کیلئے اُن کا شکریہ ادا کیا۔

دونوں رہنماؤں نے آب و ہوا میں لچک، حفظان صحت، صلاحیت سازی اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات کو وسعت دینے جیسے شعبوں میں بھارت اور ڈومینکا کے درمیان تعاون کیلئے مواقع تلاش کرنے پر غوروخوض کیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ میں تعاون کرنے پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ جناب مودی نے بھارتCARICOM- دوسری سربراہ کانفرنس کے موقع پر Suriname کے صدر چندرکا پرساد چان سنتوکھی سے بھی ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے معاشی تعاون کو مستحکم کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور بھارت اور Suriname کے درمیان شراکت داری پر پیشرفت کا جائزہ لیا۔ جناب مودی نے گویانا میں بھارتCARICOM- دوسری سربراہ کانفرنس کے موقع پر Trinidad and Tobago کے وزیراعظم ڈاکٹر Keith Rowley کے ساتھ بھی میٹنگ کی۔

جناب مودی نے بھارت کے اہم UPI پلیٹ فارم اپنانے کیلئے ڈاکٹر Rowley کو مبارکباد دی۔

جناب مودی نے Bhamasکے اپنے ہم منصب Philip Brave Davis کے ساتھ میٹنگ کے دوران معاشی تعلقات مستحکم کرنے اور آب و ہوا میں تبدیلی سے نمٹنے کی  کارروائی پر توجہ مرکوز کی۔

وزیراعظم نے Grenadian کے اپنے ہم منصب Dickon Mitchell کے ساتھ میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے تعلیم، ICT، حفظان صحت، خوراک کی فراہمی، کرکٹ، صلاحیت سازی اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب مودی نے St. Lucia کے اپنے ہم منصب Philip J Pierre کے ساتھ میٹنگ کے دوران صلاحیت سازی، تعلیم، صحت، کرکٹ اور یوگ کے شعبوں میں تعاون کرنے پر تبادلہ خیال کیا اور دونوں ملکوں کے درمیان باہمی رشتوں کو مزید تقویت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

PREZ- HAREKRUSHNA MAHTAB

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں اُتکل Keshari ڈاکٹر Harekrushna مہتاب کی 125ویں سالگرہ تقریب کا افتتاح کریں گی۔ اس تقریب کے دوران ڈاکٹر مہتاب کے اعزاز میں ایک خصوصی یادگاری اسٹامپ اور سکّہ جاری کیا جائے گا۔

ڈاکٹر Harekrushna مہتاب 21نومبر 1899 میں اڈیشہ کے Agarpara میں پیدا ہوئے تھے۔ وہ بھارتی تاریخ میں متعدد صلاحیتوں کے مالک تھے اور نامور رہنما تھے۔ انہیں ایک مجاہد آزادی، سیاست داں، تاریخ داں، مصنف، سماجی مصلح اور صحافی کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ ڈاکٹر

مہتاب کو ان کے مصمم اور مضبوط ارادوں اور بااثر شخصیت کیلئے بھی جانا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ انہیں ریاست کے ایک سب سے زبردست رہنما کے طور پر بھی تسلیم کیا گیا ہے۔

PRESIDENT TELANGANA

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے تلنگانہ کے اپنے دو روزہ دورے پر رہیں گی۔ اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ آج حیدرآباد میں Koti Deepotsavam-2024 میں شرکت کریں گی۔ کل وہ حیدرآباد میں Lokmanthan-2024 سے افتتاحی خطاب کریں گی۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PRASAR BHARTI-OTT WAVES

قومی سرکاری نشریاتی ادارے پرسار بھارتی نے اپنا OTT پلیٹ فارم WAVES کا آغاز کیا ہے۔ اِس کا آغاز کَل گوا میں بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے دوران کیا گیا۔ WAVES کا مقصد ڈیجیٹل اسٹریمنگ کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرتے ہوئے اور جدید ڈیجیٹل رجحانات کو اپناتے ہوئے پرانی یادوں کو زندہ کرنا ہے۔ WAVES رامائن، مہابھارت، شکتی مان اور ہم-لوگ جیسے لازوال شوز کو پیش کرتا ہے۔ یہ پلیٹ فارم ناظرین کو بھارت کے ثقافتی ورثے اور جذبات سے وابستہ ورثے سے جوڑ دے گا۔

پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت کمار سہگل نے کہا ہے کہ WAVES دیگر OTT پلیٹ فارم کے مقابلے بالکل منفرد ہے۔ یہ دیگر خدمات کے ساتھ ساتھ ایک صاف ستھرا اور خاندان پر مبنی تفریحی پروگرام فراہم کرتا ہے۔

S/B Navneet Kumar Sehgal

?https://x.com/DD National / status / 1859224532424523924)

(t=mmLvOTCvqDHI27WwDHNrXKg&s=19

WAVES میں خبریں، دستاویزی فلمیں اور علاقائی مواد بھی شامل ہیں۔ یہ سبھی کی شمولیت اور گوناگونیت کو فروغ دیتا ہے۔ WAVES بارہ سے زیادہ زبانوں اور 10 سے زیادہ انواع میں مختلف قسم کے سامعین و ناظرین کو مواد فراہم کرتا ہے۔ اِس کی وسیع لائبریری میں لائیو چینلوں کے ساتھ علاقائی مواد، خواتین پر مبنی مواد، یہاں تک کہ اینیمیشن مواد بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ اِس میں دوردشن اور آکاشوانی سمیت لائیو چینلز بھی ہیں۔ WAVES میں ایودھیا سے پربھو شری رام للا کی آرتی کی براہِ راست نشریات اور وزیراعظم نریندر مودی کا ماہانہ من کی بات جیسے لائیو پروگرام بھی ہیں۔

WAVES پر کل سے US پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کی لائیو اسٹریمنگ بھی کی جائے گی۔

IFFI

کَل شاندار افتتاحی تقریب کے بعد بھارت کے 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول (IFFI) کا آج باضابطہ پہلا دن ہوگا، جس میں دن بھر فلموں کی اسکریننگ اور مختلف پروگراموں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

Mussic

آج مختلف شعبوں کی 40 سے زیادہ فلموں کی اسکریننگ کی جائے گی۔

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے بھارتی فلم صنعت میں IFFI کے کلیدی رول کو اجاگر کیا۔ انہوں نے یہ امید بھی ظاہر کی کہ اِس فیسٹول سے نئے اور ابھرتے ہوئے فنکاروں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

S/B- Ashwini Vaishnav

وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے IFFI کے مستقبل کی بنیاد رکھنے والے اختراعی ذہنوں پر توجہ مرکوز کی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C-Durgesh

بھارت کے بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFI 2024 میں آج کا دن ایکشن سے بھرپور ہوگا۔ دن بھر مختلف مقامات پر متعدد سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

علاقائی سنیما سے لے کر بین الاقوامی پروڈکشنز تک متعدد فلموں کی اسکریننگ کی جائے گی۔ انڈین پینورما سیکشن میں Swatantrya ویر ساورکر، 12ویں فیل اور گھر جیسا کچھ جیسی فلمیں دکھائی جائیں گی۔ اس سیکشن میں اس سال کُل 25 فیچر فلمیں اور 20 غیر فلمیں دکھائی جائیں گی۔

فلم بازار، جنوبی ایشیائی فلموں اور فلم سازی، پروڈکشن اور ڈسٹری بیوشن میں صلاحیت مند افراد کی دریافت، اُن کو مدد فراہم کرنے اور اجاگر کرنے کے لیے پوری طرح وقف  ہے۔ یہ جنوبی ایشیائی خطے میں عالمی سنیما کی فروخت میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتا رہے گا۔

اس کے علاوہ فلم ساز امتیاز علی، اداکار منوج واجپئی اور نغمہ نگار پرسون جوشی جیسی مشہور و معروف فلمی شخصیات، ماسٹر کلاسز اور پینل مباحثوں کی رہنمائی کریں گے۔ توقع ہے کہ یہ افراد بصیرت افروز خیالات پیش کریں گے اور شرکاء کو سیکھنے کا بھرپور تجربہ فراہم کریں گے۔

کل کے تخلیقی اذہان، پروگرام کا مقصد سینما سے وابستہ نوجوان صلاحیت مند افراد کی شناخت کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

گوا سے درگیش بھدوریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.............

CBSE BOARD EXAM

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE نے اعلان کیا ہے کہ دسویں اور بارہویں کلاس کیلئے بورڈ امتحانات 15 فروری 2025 سے شروع ہوں گے۔ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ دسویں کلاس کے امتحان 18 مارچ اور بارہویں کلاس کے امتحانات 4 اپریل کو ختم ہوجائیں گے۔

CBSE نے کہا ہے کہ اُس نے یقین دلایا ہے کہ مضامین کے امتحانات کے درمیان کافی فاصلہ ہے، جو اُنہیں طلبا کے ذریعے عام طور پر پیش کیا گیا ہے۔ پہلی مرتبہ CBSE نے امتحانات سے تقریباً 86 دن پہلے ڈیٹ شیٹ جاری کی ہے۔ سابقہ سالوں کے مقابلے یہ ایک اہم بہتری ہے۔ CBSE نے کہا ہے کہ بارہویں کلاس کے طلبا کیلئے امتحانات کی تاریخ مختلف داخلہ امتحانات کی تاریخوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے طے کی گئی ہے۔

اُس نے کہا ہے کہ 40 ہزار سے زیادہ مضامین سے بچتے ہوئے ڈیٹ شیٹ تیار کی گئی ہے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کسی بھی طالب علم کو ایک ہی تاریخ میں دو امتحان دینا نہ پڑے۔

HOCKEY

ہاکی میں، گل شام بہار کے راجگیر ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دلچسپ مقابلے میں بھارت نے چین کو صفر کے مقابلے ایک گول سے ہراکر خواتین ایشیائی چیمپئن ٹرافی جیت لی۔

بھارت کی طرف سے دیپیکا نے میچ کا واحد گول کیا۔ انھوں نے پنالٹی کارنر کو گول میں تبدیل کیا۔ دیپیکا کو شاندار کارکردگی کے لئے ٹورنامنٹ کی بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ دیا گیا۔ انھوں نے ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ 11 گول کیے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے خواتین ایشیائی چیمپئن ٹرافی جیتنے پر بھارتی ہاکی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے ٹیم کے ہر کھلاڑی کو دس۔دس لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حسین اختر

شکریہ ۔آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے ہوئی پولنگ کی تکمیل کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: "جھارکھنڈ میں آخری مرحلے کی رائے دہی کا اختتام، سبھی کو ہے نتائج کا انتظار۔"

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے کیریبین ملک گیانا پہنچنے پر صدر عرفان علی کی جانب سے وزیراعظم نریندر مودی کے پرتپاک استقبال کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کیاہے۔ جناب مودی کیریکام انڈیا سمٹ میں بھی شرکت کریں گے۔

روزنامہ ملاپ کی ایک اہم خبر دلی میں بتدریج بڑھتی آلودگی پر مبنی ہے۔ اخبار کی سرخی ہے:

دلی حکومت نے 50 فیصد سرکاری ملازمین کیلئے گھر سے کام کرنے کی سہولت فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وہیں آلودگی کے درمیان میٹرو میں مسافروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی لاؤس میں اپنے چینی ہم منصب سے ملاقات کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

راشٹریہ سہارا کی ایک اہم خبر ہے:

پاکستان اور سعودی عرب کا قیدیوں کے تبادلے کے معاہدے پر عمل درآمد پر اتفاق۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 بھارت اور Guyana نے صحت، ہائیڈروکاربن، زراعت اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے 10 سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔

2 وزیر اعظم نریندر موودی نے کہا ہے کہ بھارت Caricom رکن ملکوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ایک قابل اعتماد شراکت دار کی طرح اُن کے ساتھ آگے بڑھا ہے۔

3 Dominica نے وزیراعظم نریندمودی کو اپنے اعلیٰ ترین قومی اعزاز سے نوازا ہے۔

4 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں Utkal Keshari، ڈاکٹر Harekrushna Mahtab کی 125ویں ساگرہ تقریب کا افتتاح کریں گی۔

5 قومی سرکاری نشریاتی ادارے پرسار بھارتی نے اپنے OTT پلیٹ فارم کا آغاز کیا ہے۔

6 سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE نے اعلان کیا ہے کہ دسویں اور بارہویں کلاس کیلئے بورڈ امتحانات 15 فروری 2025 سے شروع ہوں گے۔

7 اور ہاکی میں بہار کے راجگیر میں بھارت نے چین کو ایک گول سے ہراکر خواتین کی ایشین چمپئن ٹرافی جیت لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------